توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 611

منجانب: حُمیرا خاتون صاحبہ رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ حال ہی میں پشاور کے مختلف پولیس سٹیشنوں میں حوالاتیوں کی ہلاکتوں کے پے در پے واقعات رونما ہوئے ہیں جو کہ عوام میں تشویش کا باعث بنے ہیں۔ خان رازق شہید پولیس سٹیشن میں گزشتہ روز حوالتی کی ہلاکت کا معاملہ پہلا واقعہ نہیں ہے بلکہ حالیہ دنوں میں پولیس سٹیشن ٹاؤن، ہشتنگری، یکہ توت، اور شرقی میں بھی حوالاتیوں کی ہلاکتوں سے متعلق خبریں اخبارات کی زینت بنی ہیں۔ جناب سپیکر صاحب پشاور کے تھانوں میں حوالاتیوں کی ہلاکتوں کے بڑھتے ہوئے واقعات سے عوام بالخصوص پشاور کے شہریوں میں تشویش کی لہر پیدا ہوئی اور عوام میں عدم تحفظ کے احساس کا بڑھ جانا ایک لازمی امر ہے لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر اس انتہائی اہم عوامی مسئلے سے متعلق درست حقائق سے اس معزز ایوان کو آگاہ کریں تاکہ عوام بالخصوس پشاور کے شہریوں کی تشویش کا سد باب ممکن ہو سکے۔

CALL ATTENTION NOTICE

10th

754

12:15

14/11/08

MPA